20001 ـ کیا قبر پر اگنے والا درخت میت کے صالح ہونے کی دلیل ہے

سوال

میں نے ملاحظہ کیا ہے کہ کچھ لوگ جب کسی بھی قبر پر کوئی درخت اگا ہوا دیکھتے ہیں تو قبر والے کی صفات بیان کرنا شروع ہو جاتے ہیں کہ وہ ایسا ایسا تھا، کیا قبروں پر درخت اگنے کا اس کے ساتھ کوئی تعلق ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس کی کوئی دلیل نہیں، اور نہ ہی قبروں پر درخت اور گھاس اگنا قبر والے کے صالح اور نیك ہونے کی دلیل ہے، بلکہ یہ خیال اور ظن باطل ہے، درخت تو ہر نیك اور فاجر کی قبر پر اگتے ہیں، یہ کوئی نیك اور صالح لوگوں کے ساتھ خاص نہیں.

اس لیے عقیدہ میں انحراف رکھنے اور باطل عقیدہ کے مالك لوگوں کی باتوں میں آکر دھوکہ نہیں کھانا چاہیے.

اللہ تعالی ہی ممد و معاون ہے.